Web: https://www.dailysadaepakistan.com Email: dailyspak.isb@gmail.com

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن پاکستان سے تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بہاولپور، راولپنڈی سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا اردو نامہ

Daily SADA-E-PAKISTAN Rawalpindi

روزنامہ صدائے پاکستان راولپنڈی

بانی:۔ رانا عبدالسلام مرحوم

چیف ایڈیٹر: رانا عدنان

جلد:06 | بدھ 30 اگست 2023ء بمطابق 12 صفر المظفر 1445ھ قیمت 10 روپے سالانہ 3000 روپے | شمارہ:109

پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ سے عدلیہ کی آزادی کی بنیادیں ہلا دی گئیں، چیف جسٹس

نیب ترامیم کیخلاف کیس میں چیف جسٹس پاکستان نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے بارے میں ریمارکس دیئے ہیں کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے ذریعے عدلیہ کی آزادی پر حملہ کیا گیا اور اس آزادی کی بنیادیں ہلا دی گئیں

چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ میرے ایک ساتھی جج نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیس کا حوالہ دیا، آپ کو شاید معلوم نہ ہو، اٹارنی جنرل نے پریکٹس اینڈ پروسیجر اور ریویو آف ججمنٹ قانون میں مطابقت کی بات کی

یکم جون 2023 کو اٹارنی جنرل نے عدالت سے مزید وقت مانگا، آٹھ جون کو اٹارنی جنرل نے کہا بجٹ سیشن کے بعد پارلیمنٹ سے قانون میں ترمیم کریں گے۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ مجھے علم نہیں آج حکومت کا کیا موقف ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیب ترامیم کیخلاف کیس میں چیف جسٹس پاکستان نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے بارے میں ریمارکس دیئے ہیں کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے ذریعے عدلیہ کی آزادی پر حملہ کیا گیا اور اس آزادی کی بنیادیں ہلا دی گئیں۔ چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے نیب ترامیم کیخلاف کیس پر سماعت کی۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ میرے ایک ساتھی جج نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیس کا حوالہ دیا، آپ کو شاید معلوم نہ ہو، اٹارنی جنرل نے (بقیہ نمبر 18)

راجہ پرویز اشرف سے چیئرمین سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کی ملاقات

سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کا معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی امداد کا جذبہ قابل تحسین ہے، اینکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اینکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف سے کاشر خان سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ سوات کے چیئرمین انور فاروق نیئر سے کے دیگر ممبران کے ہمراہ ملاقات کی جس میں سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ (بقیہ نمبر 19)

کرتارپور زیرو پوائنٹ پر پل کی تعمیر کا 90 فیصد سے زیادہ کام مکمل

لاہور (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے مابین کرتارپور زیرو پوائنٹ پر پاکستان کی (بقیہ نمبر 20)

سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد دیکھنے پر ایف آئی اے کو اطلاع کریں، پی ٹی اے

پاکستان کے دفاع، سالمیت اور تحفظ کے خلاف سوشل میڈیا پر آن لائن مواد پھیلانا غیر قانونی ہے

کراچی (سٹاف رپورٹر) این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد دیکھنے پر ایف آئی اے پی ٹی اے کو اطلاع کریں۔ پاکستان (بقیہ نمبر 21)

سینیٹ قائمہ کمیٹی کی پانچ سو سے زائد دیہاڑی دار اساتذہ کو بحال کرنے کی ہدایت

کئی کئی برس کام کرنے والے اساتذہ کو اچانک گھر بھیج دینا مجرمانہ کارروائی ہے، پندرہ سال گھر میں کام کرنے والی خادمہ کو بھی اسطرح اچانک فارغ نہیں کیا جاتا

سینیٹ کمیٹی کو گمراہ کرنے اور غلط بیانی کرنے پر ڈی جی اور ڈائریکٹر وفاقی تعلیم کا معاملہ سینیٹ کی انتخاب کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت نے پانچ سو سے زائد دیہاڑی دار اساتذہ کو بحال کرنے کی ہدایت کی ہے جنہیں کئی کئی برس کام کرنے والے اساتذہ کو اچانک گھر بھیج دینا مجرمانہ کارروائی ہے، پندرہ سال گھر میں کام کرنے والی خادمہ کو بھی اسطرح اچانک فارغ نہیں کیا جاتا کئی کئی برس کام کرنے والے اساتذہ کو بحال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ کئی کئی برس کام کرنے والے اساتذہ کو بحال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ چیئرمین سینیٹ کا تبصرہ تھا کہ ڈی جی (ڈاکٹر) اسٹیٹ وفاقی تعلیم کا معاملہ سینیٹ کی انتخاب کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا (بقیہ نمبر 22)

پنجاب حکومت کا اوورچارجنگ کرنیوالے پارکنگ سٹینڈز کیخلاف سخت ایکشن لینے کا فیصلہ

لاہور پارکنگ کمیٹی کے منظور شدہ پارکنگ سٹینڈز کو مقررہ فیس کی پابندی کرنے کے احکامات، وارننگ جاری

شکایات پر پارکنگ سٹینڈ کا انچارج معطل، پارکنگ کی مقررہ فیس سے زیادہ وصولی کرنیوالے کے زمرے میں آتی ہے، عامر میر

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و نشریات عامر میر کی ہدایت پر پنجاب پارکنگ سٹینڈز کو مقررہ فیس کی پابندی کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ صوبائی وزیر عامر میر کی ہدایت پر لاہور پارکنگ کمیٹی کے منظور شدہ پارکنگ سٹینڈز کو مقررہ فیس سے زیادہ وصولی کرنیوالے کے زمرے میں آتی ہے۔ عامر میر نے (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: گرین بیرئر اسلام آباد کی ترقی کے لئے ایشیائی ترقیاتی بینک کے نائب صدر ماہر انتظام کی ملاقات کر رہی ہیں۔ ملاقات میں وزیر اطلاعات فیصل حسین مالکی بھی موجود ہیں۔

عمران خان نے توشہ خانہ کیس میں ٹرائل کورٹ کا فیصلہ خلاف قانون قرار دے کر کالعدم قرار دینے کی استدعا کی تھی

ہائی کورٹ کی جانب سے توشہ خانہ سزا کے خلاف درخواست پر فیصلہ سنائے جانے سے قبل سیکیورٹی اہلکار تعینات رہے

توشہ خانہ کیس: عمران خان کی سزا معطل رہا کرنے کا حکم

چیف جسٹس نے ہماری درخواست منظور کر لی، عامر فاروق نے سزا معطل کرتے ہوئے کہا ہے تفصیلی فیصلہ بعد میں لے لیجیے گا، وکیل عمران خان

عمران خان کی سزا معطلی کا پہلا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ وہ تحریک انصاف کے چیئرمین کی حیثیت سے اب بحال ہو گئے ہیں، بابر اعوان کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ کیس میں گرفتاری کے بعد واقعہ بنی گالہ میں قید چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 24)

کیو ڈبلیو یو کی نئی حلقہ بندیوں کا عمل جلد مکمل کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی وطن پارٹی کی مرکزی انٹرم کمیٹی کا اجلاس زمین کور اسلام آباد میں مرکزی چیئرمین آفتاب احمد خان شیرپاؤ کے زیر صدارت منعقد ہوا جس میں مرکزی عہدیداران اور چاروں صوبوں کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال، ملک میں انتخابات (بقیہ نمبر 43)

میرا نکلی کا مل گیا تو آیا، اس بارے میں نوٹ کروں گا، نگران وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے (بقیہ نمبر 45)

پشاور، کیمیائی کھادوں، بیج، بجلی و گیس قیمتوں میں اضافہ کیخلاف احتجاج

واٹر شیڈنگ نے دیگر طبقات کی طرح زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی متاثر کر دیا ہے، مقررین

پشاور (این این آئی) کیمیائی کھادوں، بیج اور بجلی و گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف خلاف حلقوں کے زمینداروں، کسان بورڈ کے نمائندوں اور کاشتکاروں نے چارسدہ روڈ پر (بقیہ نمبر 42)

ساحلہ بلدیہ ٹاؤن فیکٹری: ملزمان کی سزاؤں کیخلاف اپیلوں پر فیصلہ محفوظ

رحمان بھولا، زبیر چریا اور دیگر ملزمان نے سزاؤں کے خلاف اپیلیں دائر کر رکھی ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے ساحلہ بلدیہ ٹاؤن فیکٹری کیس کے ملزمان کی سزاؤں کے خلاف اپیلوں پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ عدالت میں شہریان اور پراسیکیوشن کے دلائل مکمل ہوا (بقیہ نمبر 41)

لاہور: گورنر پنجاب محمد خلیم عارف جامع مسجد الصادق، بہاولپور چڑیا گھر اور چلڈرن ہسپتال میں قدیم تہذیب کی باقیات کی حفاظت کے حوالے سے متعلقہ محکموں کے افسران سے بریفنگ لے رہے ہیں۔

گوادر فری زون تارتھ میں پانی فراہمی کے منصوبے کا آج سے آغاز

مختلف ذرائع سے پانی فراہم کیا جائیگا، جس کیلئے دو واٹر سپلائی پائپ لائن ٹیوب ورک کی تنصیب کا منصوبہ بنایا گیا

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ اتھارٹی آج 30 اگست سے گوادر فری زون تارتھ کے لیے واٹر سپلائی پیڈ ورک منصوبے کا آغاز کرے گی۔ منصوبے کے مطابق منصوبے کے لئے اوپن بولی کے ذریعے ٹینڈر جاری کیا جا چکا ہے۔ گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ توقع (بقیہ نمبر 40)

لاہور، چاندی کا تمغہ جیتنے والے ارشد ندیم کا وطن واپس پہنچنے پر شاندار استقبال

لاہور (صباح نیوز) ہنٹری کے گولڈ میڈلسٹ میں ہونے والی ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے میدان فرانس مقابلے میں پاکستان کا تمغہ جیتنے والے ارشد ندیم وطن واپس پہنچ گئے۔ لاہور میں علامہ اقبال ایئرپورٹ پر شائقین اور سپورٹس بورڈ کے نمائندوں نے ایتھلیٹ ارشد ندیم کا والہانہ استقبال کیا۔ ارشد ندیم پر پھولوں کی پنکھڑیاں نچھاور کی گئیں۔ اعزاز کی (بقیہ نمبر 39)

بہترین کارکردگی پر لاہور پولیس افسران و اہلکاروں کیلئے کیش انعامات

آئی جی پنجاب عثمان انور نے 50 افسران و اہلکاروں کو کیش انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے دوران ڈیوٹی بہترین کارکردگی پر لاہور پولیس کے افسران و اہلکاروں کو کیش انعامات و تعریفی اسناد سے نوازا۔ دوران (بقیہ نمبر 38)

موثر انسداد ڈینگی کارروائیاں ڈینگی روکنے کا بہترین طریقہ

ڈی سی لاہور کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر کے سرپرائز دورے

لاہور (این این آئی) ڈی سی لاہور کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر نے سرپرائز دورے کیے۔ ایسے کیسز کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عدنان رشید کا یوسی 10 کے مختلف (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی محنت سید ذیشان یعقوب کے مش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روزنامہ صدائے پاکستان
بہاول پور
راولپنڈی

بجلی کے نرخوں میں اضافے کی اصل وجوہات

بجلی کے بھاری بلوں کے خلاف احتجاج ملک بھر میں پھیل چکا ہے اور بعض سیاسی رہنما اس کو سوال نا فرمانی کی ایک شکل قرار دے رہے ہیں جبکہ نگران وزیر اعظم مسئلے کا حل نکالنے کے لئے پرعزم ہیں۔ واضح رہے کہ بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے معاملے پر سیاسی پوائنٹ سکورنگ کی کوششیں جاری ہیں۔ یہ درست ہے کہ بجلی کے مہنگے نرخوں سے عام آدمی متاثر ہوا ہے لیکن موجودہ صورتحال کی ایک بڑی وجہ عوام کو اس اضافے کے پس منظر کا علم نہیں ہے۔ بہت کم لوگ اس حقیقت سے واقف ہیں کہ بجلی کی قیمت کا تعین عموماً دو عوامل کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اور پہلا ایندھن کی قیمت اور دوسرا اس کی خریداری کے لیے زرمبادلہ کی فراہمی اور حصول پر جو ایک حقیقت ہے۔ اس وقت پاکستان بجلی پیدا کرنے کے لیے فرنس آئل، ڈیزل، کوئلہ اور دیگر ایندھن کی درآمد پر منحصر ہے۔ اس لیے ڈالر کی شرح تبادلہ میں اتار چڑھاؤ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بھی واضح رہے کہ انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کو ڈالر میں ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔ ادھر ڈالر کے ریٹ کے حوالے سے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی جانب سے یہ شرط عائد کی گئی تھی کہ حکومت پاکستان ڈالر کی شرح مبادلہ کو مصنوعی طور پر کنٹرول نہیں کرے گی بلکہ ریٹ کا تعین اوپن مارکیٹ کرے گی۔ عمران خان کی قیادت والی حکومت نے آئی ایم ایف کی سخت شرائط کے تحت سٹیٹ بینک آف پاکستان کو خود مختاری دی تھی۔ اس کے نتیجے میں اگر ڈالر کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی گئی تو ملکی زرمبادلہ کے ذخائر دباؤ میں آ جائیں گے جس سے مجموعی معاشی مسائل کی شدت میں اضافہ ہوگا۔ یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ بجلی کی چوری ایک سماجی مسئلہ ہے جس کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ تاہم اس حوالے سے ٹھوس اقدامات کا ابھی تک انتظار ہے۔ اگر ملزمان کے خلاف بلا تاخیر کارروائی کی جاتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ بجلی چوری کا سلسلہ جاری رہتا۔ جہاں تک بجلی کے استعمال کا تعلق ہے تو بہت کم لوگ اس حقیقت کو جانتے ہیں کہ 75% بجلی گھریلو صارفین استعمال کرتے ہیں۔ کاروباری سرگرمیاں بھی صنعت، تجارت اور دیگر سرگرمیوں کے لیے بجلی کے استعمال پر چلائی جاتی ہیں۔ گھریلو استعمال میں اضافے کے نتیجے میں بجلی کے زیادہ بل آتے ہیں جس سے عوام میں بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ ایسی صورتحال میں ایک مناسب حکمت عملی یہ ہوگی کہ بجلی کے موثر استعمال کی عادت اپنائی جائے۔ اس سلسلے میں ہمیں دوسرے ممالک میں رائج قوانین اور طریقہ کار سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ترقی یافتہ دنیا میں لوگ اور ادارے اور کاروبار زیادہ سے زیادہ سورج کی روشنی کا استعمال کرتے ہیں جب کہ ہمارے ملک میں بازاروں اور کاروباری مراکز کو رات گئے تک کھلا رکھنے کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ہماری توانائی کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ہمارے طریقہ کار میں تبدیلی اور اصلاح وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کی جانی چاہیے۔ اس سلسلے میں وہ پی ٹی سی ایل کی مثال دیتے ہیں (سابقہ ٹی آئی پی) اس پس منظر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ پاور سیکٹر میں بھی نجکاری ناگزیر ہے۔ اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے تو اس سے مارکیٹ میں مسابقت کا ماحول پیدا ہو جائے گا جس سے بجلی کے صارفین کو بہت سے پہلوؤں سے فائدہ پہنچانے کے لیے خود کفالت کی راہ ہموار ہوگی۔ مذکورہ بالا سارے اعداد و شمار اپنی جگہ مگر سوال یہ ہے کہ آخر بجلی کی تقسیم کا نظام کیوں تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے؟ اس کا جواب نگران وزیر اعظم سے لیکر ایک جونیئر کلرک تک کسی بھی سرکاری اہلکار یا جج وصول ڈویژنی افسر کے پاس نہیں ہے۔ یہ عام مشاہدے اور تجربے کی بات ہے کہ تمام اشرافیہ اور اس کے کارندے سرکاری بجلی گیس اور دیگر وسائل ہڑپ کرنے میں ملوث پائے گئے ہیں۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ آج جو سیاست دان بجلی کے ایشو پر سیاست کر رہے ہیں ان تمام کی جماعتیں اپنے اپنے وقت میں حکمران رہی ہیں اور اس بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے ہیں۔ اس لئے اب پوری مشینری کو اس کی ذمہ داری اٹھانا ہوگی۔ کسی ایک سیاسی جماعت پر سارا ملبا ڈالنا قرین انصاف نہیں بلکہ ہر پارٹی کو اپنے حصے کا جواب دینا ہوگا تب جا کر شہری بالادستی کی طرف سفر شروع ہو سکے گا۔ اب جبکہ نگران حکومت نے بیڑہ اٹھایا ہے تو پھر تمام سٹیک ہولڈر کو اس کی ذمہ داری اٹھانی چاہیے اور عارضی اقدامات کی بجائے اعلیٰ اشرافیہ کی قربانی کی بنیاد پر عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ عوام سڑکوں سے اضافی ٹیکس دینے کی قربانی دینے آئے ہیں۔ اب سرکار اور اسکے اہلکاروں کی باری ہے جب تک بجلی سمیت ہر شعبے میں ان سے عام شہریوں کی طرح کفایت شعاری نہیں کی جائیں گی ہمارے ادارے اس ہی طرح تباہ ہوتے رہیں گے۔

کج انج وی راہواں اوکھیاں سن۔۔۔ کج گل وچ غماں دا طوق وی سی

قارئین محترم!" ۔لجانے وقت بدل گیا یا ہمارے معاشرتی رویے۔۔۔۔۔ کچھ نہ کچھ ہوا ضرور ہے۔۔۔۔۔ ورنہ جب ہم پڑھا کرتے تھے تو استاد محترم کو دیکھ کر ادب و آداب کے وہ تمام طریقے بانے کا رواج تھے جو دنیا

راجہ شہزاد معظم

میں رائج ہیں۔ آپ شاید سمجھ رہے ہوں گے میں عمر کے آخر حصے میں کوئی "سٹھیایا ہوا بڈھا" آدمی ہوں اور ایسی قسم کی باتیں کرتا ہوں۔ ایسا کچھ بھی نہیں میری عمر زیادہ سے زیادہ تیئیس کی دہائی میں ہوگی، لیکن استاد محترم کا ادب ہمارے دور میں بھی از حد ضروری اور ہماری ثقافت کی علامت تھا۔ لیکن موجودہ دور میں طالب علم اور استاد کا تعلق شرمناک حد تک بے ہودہ ہو چکا ہے اور یہ پتہ چلانا مشکل ہو جاتا ہے کہ استاد کون ہے اور شاگرد کون۔ اس میں سارا قصور طالب علموں کا نہیں بعض اساتذہ بھی اس باوجود frankness کی میں برابر کے شریک ہیں۔ معلمی پیشہ پیغمبری ہے، اور دنیا کے سب سے بڑے معلم نبی اکرم ﷺ تھے، جنہوں نے سب سے پہلی اقامتی یونیورسٹی یعنی مسجد نبوی کا قیام کر کے ثابت کر دیا کہ استاد کی شان ارفع و اعلیٰ ہے۔ اگر ایک معلم درست طریقے سے اپنے طالب علموں کو پڑھاتا ہے اور اپنے پیریڈ کے دوران بے ایمانی یا لیت و لعل سے کام نہیں کرتا تو یقین جانئے وہ آج کے دور کا ولی ہے۔ لیکن بدقسمتی سے دیگر شعبہ ہائے زندگی کی طرح اب پیشہ معلمی بھی تجارت کی شکل اختیار کر چکا ہے جس کی وجہ سے ہمارے قومی اخلاق و وقار کا جنازہ نکلنے کے قریب ہے۔ ایک معلم کی معمولی سے لغزش سے ساری قوم متاثر ہوتی ہے، کیونکہ وہ مستقبل کے معماروں کی آبیاری کر رہا ہوتا ہے۔ موجودہ دور میں استاد اور شاگرد کا رشتہ نہایت ہی عجیب و غریب شکل اختیار کرتا جا رہا ہے اور ستم یہ کہ اس کی توضیح کے لئے دونوں فریقین کے دلائل یہ ہیں کہ اب وہ دور نہیں رہا جب شاگرد اساتذہ کرام کے تابع فرمان ہوتے تھے۔ اس سب کے نتیجے میں استاد اپنی عزت و توقیر کھو بیٹھا اور طالب علم علم کی روشنی سے محروم ہوتا جا رہا ہے۔ بے شک طالب علموں کے پاس ڈگریاں موجود ہوں گی لیکن علم کے بغیر ڈگریاں بے معنی سی معلوم ہوتی ہیں۔ آج ہی کے طلبا اور اساتذہ کے لئے شاعر اقبال یوں کہہ گئے۔۔

شکایت ہے مجھے یارب خداوندان مکتب سے
سبق شاہین بچوں کا دے رہے ہیں خاکبازی کا

ایک وہ دور تھا جب خلیفہ وقت ہارون الرشید اپنے بیٹوں مامون الرشید اور امین الرشید کے ساتھ مسجد میں نماز ادا کرنے گئے تو نماز کے اختتام پر دونوں شہزادوں میں اپنے معلم کی جوتے ان تک پہنچانے میں سبقت لے جانے پر لڑائی ہو گئی۔ اور ایک آج کا دور ہے کہ معلم شاگرد کو دائیں جانے کو کہے گا تو شاگرد جان بوجھ کر بائیں جائے گا۔ اس سب کے ذمہ دار معلم اور اساتذہ کے ساتھ ساتھ گزشتہ چند برسوں میں جو معاشرتی بے حسی آ چکی ہے یہ سب برابر کے مجرم ہیں۔ پستی بلندی سے پستی کی طرف خود بہتا ہے۔ یہ فطرت کا اصول ہے سائنس کے اصولوں کے مطابق the things always flow against concentration gradient. یعنی چیزیں ہمیشہ زیادہ سے کم کی طرف خود بخود جاتی ہیں۔

بروقت انتخابات کروانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری (قسط۔۔۱)

بروقت انتخابات کروانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے ایوان بالا سینیٹ نے ایک قرارداد منظور کی ہے جس میں الیکشن کمیشن آف پاکستان سے ملک بھر میں آئین کے آرٹیکل 224 میں دیئے گئے وقت کے اندر انتخابات کے انعقاد کے لیے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا

مصنف۔حسنین گیلانی

گیا۔ یہ قرارداد جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے پیش کی جس میں تمام دیگر اداروں سے بھی مطالبہ کیا گیا کہ وہ آئینی مدت کے اندر انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔ وزرا یہ باور کرا چکے ہیں کہ کچھ آئینی وجوہات کے سبب الیکشن کے انعقاد میں دو سے تین ماہ تک کی تاخیر ہو سکتی ہے۔ ایوان بالا سے منظور کی گئی قرارداد میں نشاندہی کی گئی کہ عدالت عظمیٰ صراحت کے ساتھ قرار دے چکی ہے کہ قومی و صوبائی اسمبلیوں کی تحلیل یا مدت پوری ہونے پر آئین کی دفعہ 224 میں مذکور مدت کے اندر انتخابات کا انعقاد ایک ایسا فریضہ ہے جس سے روگردانی ممکن نہیں۔ قرارداد میں کہا گیا کہ کسی بھی شخص یا ادارے کے پاس صرف وہی اختیار ہے جو آئین یا قانون نے اسے دیا ہے اور اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد قائم ہونے والی نگران حکومت انتخابات کے انعقاد اور روزمرہ کے معمول کے فیصلوں کا اختیار رکھتی ہے۔ اس حوالے سے کہا گیا کہ یہ معزز ایوان الیکشن کمیشن سے مطالبہ کرتا ہے کہ دو آئین کی دفعہ 224 میں مقررہ مدت کے اندر انتخابات کا انعقاد یقینی بنانے کے لیے الیکشن کمیشن کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا اپنا آئینی فریضہ احسن طریقے سے ادا کرے۔ یاد رہے کہ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ حلف اٹھا چکے ہیں۔ پہلی بار کوئی نگران حکومت غیر معینہ مدت کے لیے آئی ہے۔ انوار الحق کاکڑ کے وزیر اعظم نامزد ہوتے ہی یہ چہ مگوئیاں شروع ہو گئی تھیں کہ انتخابات مزید التوا کا شکار ہو جائیں گے۔ ملک کے آٹھویں نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نہیں اور پڑھے لکھے سیاسی ورکر ہیں۔ یہ عہدہ ان کے لیے بہت سے چیلنجز لے کر آیا ہے۔ اس وقت ملک کا سیاسی درجہ حرارت عروج پر ہے اس لیے ان کے لیے چیلنجز بھی کٹھن ہوں گے۔ انہیں کن چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا الیکشن چھ ماہ سے زیادہ ملتوی نہیں ہو سکیں گے۔ الیکشن قومی اور صوبائی اسمبلیوں کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ نئی حکومت کا تشکیل پانا ایک بنیادی آئینی تقاضا ہے۔ 20 ستمبر کو صدر پاکستان کے عہدے کی میعاد ختم ہو رہی ہے، اگر قومی اور صوبائی اسمبلیاں نہیں ہوں تو نئے صدر کا انتخاب کیسے ہوگا اور

اسلام میں اقلیتوں کا تحفظ

اسلامی ریاست میں اقلیتوں کو بھی اپنی زندگی اور شخصی آزادی کا حق اسی طرح حاصل ہے جس طرح مسلمانوں کو۔ اس لیے کہ اسلامی قانون نے ان کے لیے یہ اصول طے کیا ہے کہ جو حقوق مسلمانوں کو حاصل ہیں وہ ان کو بھی حاصل ہوں گے اور جو فرائض

مصنف۔عرفان اشتیاق

ذمہ داریاں مسلمانوں پر ڈالی گئی ہیں وہ ان پر بھی ہیں۔ اسلام خدائے واحد کی بندگی کی دعوت دیتا ہے لیکن دوسرے مذاہب کے لوگوں پر اپنے عقائد کو چھوڑنے اور اسلام قبول کرنے کے لیے دباؤ نہیں ڈالتا۔ نہ کسی جبر و اکراہ سے کام لیتا ہے۔ دعوت حق اور جبر و اکراہ بالکل الگ حقیقتیں ہیں۔ اسلام کے نظام حق کے ابلاغ کا قرآن حکیم نے یوں بیان کیا "اے رسول معظم (آپ اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلایئے اور ان سے بحث بھی (ایسے انداز سے کیجئے جو نہایت حسین ہو) بے شک آپ کا رب اس شخص کو بھی (خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو بھی (خوب جانتا ہے۔

القرآن النحل 125 : 16

اسلام نے ایسے طریق دعوت سے منع کیا جس سے کسی فریق کی مذہبی آزادی متاثر ہوتی ہو، دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

لا اکراہ فی الدین قد تبین الرشد من الغی۔

دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔ بے شک ہدایت گمراہی سے واضح طور پر ممتاز ہو چکی ہے۔ اسلام شرف انسانیت کا علمبردار دین ہے۔ ہر فرد سے حسن سلوک کی تعلیم دینے والے دین میں کوئی ایسا اصول یا ضابطہ نہیں رکھا گیا جو شرف انسانیت کے منافی ہو۔ دیگر مذاہب معاشرہ کی طرح اسلامی ریاست میں اقلیتوں کو بھی ان تمام حقوق کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ جن کا ایک مثالی معاشرے میں تصور کیا جا سکتا ہے۔ اقلیتوں کے حقوق کی اساس معاملات دین میں جبر و اکراہ کے عنصر کی نفی کر کے فراہم کی گئی ہے۔ دین کی کوئی زبردستی نہیں۔ اب ایک جامعیت گہرائی سے واضح طور پر ممتاز ہو چکی ہے۔ ہو جو کوئی معبودان باطل کا انکار کر دے اور اللہ پر ایمان لے آئے تو اس نے ایک ایسا مضبوط حلقہ تھام لیا جس کے لیے ٹوٹنا (ممکن (نہیں، اور اللہ خوب جاننے والا ہے۔ اسلامی معاشرے میں اقلیتوں کے حقوق کو کتنی زیادہ اہمیت دی گئی ہے اس کا اندازہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان مبارک سے ہوتا ہے "خبردار جس کسی نے کسی معاہد (اقلیتی فرد) پر ظلم کیا یا اس کا حق غصب کیا یا اس کو اس کی استطاعت سے زیادہ تکلیف دی یا اس کی رضا کے بغیر اس سے کوئی چیز لی تو روز قیامت میں اس کی طرف سے (مسلمان کے خلاف (جھگڑوں گا۔ یہ صرف ایک حدیث نہیں بلکہ ایک قانون ہے جو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور مبارک میں اسلامی مملکت میں جاری تھا، جس پر بعد میں بھی عمل درآمد ہوتا رہا اور اب بھی یہ اسلامی دستور مملکت کا ایک حصہ ہے۔ چنانچہ ایک روایت میں ہے: ایک مسلمان نے ایک اہل کتاب کو قتل کر دیا اور وہ مقدمہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس فیصلہ کے لیے آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں اہل ذمہ کا حق ادا کرنے کا سب سے زیادہ ذمہ دار ہوں چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قاتل کے بارے میں عمل کرنے کا حکم دیا اور اسے قتل کر دیا گیا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اقلیتوں کے بارے مسلمانوں کو ہمیشہ متنبہ فرماتے تھے: چنانچہ ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاہدین کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے فرمایا جس کسی نے کسی معاہد (اقلیتی فرد (کو قتل کیا وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا حالانکہ جنت کی خوشبو چالیس برس کی مسافت تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ جنت سے بہت دور رکھا جائے گا دراصل یہ تنبیہات اس قانون پر عمل درآمد کروانے کے لیے ہیں جو اسلام نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے عطا کیا۔ غیر مسلموں کے جو بیرونی وفود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آتے ان کی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود مہمان نوازی فرماتے چنانچہ جب مدینہ منورہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حبشہ کے عیسائیوں کا ایک وفد آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو مسجد نبوی میں ٹھہرایا اور ان کی مہمان نوازی خود اپنے ذمہ لی اور فرمایا یہ لوگ ہمارے ساتھیوں کے لیے طرابلس اور شام کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس لیے میں نے پسند کیا کہ میں بذات خود ان کی تعظیم و تکریم اور مہمان نوازی کروں۔ ایک دفعہ نجران کے عیسائیوں کا چودہ رکنی وفد مدینہ منورہ آیا۔ آپ نے اس وفد کو مسجد نبوی میں ٹھہرایا اور اس وفد میں شامل مسیحیوں کو اجازت دی کہ وہ اپنی نماز اپنے طریقہ پر مسجد نبوی میں ادا کریں چنانچہ یہ مسیحی حضرات مسجد نبوی کی ایک جانب مشرق کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان تعلیمات کی روشنی میں چودہ سو سال گزرنے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے سے لے کر بر اسلامی حکومت میں غیر مسلموں کو حقوق کا تحفظ حاصل رہا۔ اقلیتوں سے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسن سلوک کا نتیجہ تھا کہ ان کا بہت بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ احترام پر مبنی تھا۔ ایک جنگ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مثل تھا۔ ایک جنگ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلیف ایک یہودی جب مرنے لگا تو لوگوں نے اس سے پوچھا کہ تیری جنتی جائیداد ہے اس کا وارث کون ہوگا؟ تو اس یہودی نے کہا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری جائیداد کے وارث ہوں گے۔ اسلامی ریاست میں اقلیتوں سے حسن سلوک کا ایک غیر مسلم کی طرف سے اعتراف تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اعلیٰ کتاب کے علاوہ مشرکین عرب پر ست اقوام نے بھی جو برتاؤ اس کی بھی تاریخ میں تعلیم ملتی۔ مشرکین مکہ وطائف نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بے شمار مظالم ڈھائے، لیکن جب مکہ مکرمہ فتح ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک انصاری کا نام سعد بن عبادہ نے اعلان کیا کہ آج لڑائی کا دن ہے۔ جس آج تلوار سے جنگ ہوگی اور چالیس لاکھ افراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے تاہم انہوں نے کہا کہ یہ ایک مشکل سفر ہوگا۔ پاکستان کو بڑے پیمانے پر درپیش معاشی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے چین، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، اسلامی ترقیاتی فنڈ، دیگر دوست ممالک اور شراکت داروں نے بھی خصوصی تعاون کیا ہے۔ آئی ایم ایف کے اصول میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہر آدمی ٹیکس دے گا۔ اس معاہدے سے ڈیفالٹ کا خطرہ ٹل گیا لیکن آئی ایم ایف پروگرام آسان نہیں ہوگا، عالمی مالیاتی ادارے کی شرائط پر حکومت نے عوام پر مزید اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاریاں کر لی ہیں۔

معیشت کی بحالی سے قوم کو ثمرات ملیں گے

مصنف۔اطہر زیب

پروگرام کی شرائط کے تحت پاکستان پہلے ہی بجلی ٹیکسوں اور بے تحاشا ٹیکسوں کی وجہ سے بڑھتے ہوئے بلوں کے خلاف میں اضافے اور بے تحاشا ٹیکسوں کی وجہ سے بڑھتے ہوئے بلوں کے خلاف احتجاج کر رہا ہے۔ موجودہ دور میں استاد اور شاگرد کا رشتہ نہایت ہی عجیب و غریب شکل اختیار کرتا جا رہا ہے اور ستم یہ کہ اس کی توضیح کے لئے دونوں فریقین کے دلائل یہ ہیں کہ اب وہ دور نہیں رہا جب شاگرد اساتذہ کرام کے تابع فرمان ہوتے تھے۔ اس سب کے نتیجے میں استاد اپنی عزت و توقیر کھو بیٹھا اور طالب علم علم کی روشنی سے محروم ہوتا جا رہا ہے۔ بے شک طالب علموں کے پاس ڈگریاں موجود ہوں گی لیکن علم کے بغیر ڈگریاں بے معنی سی معلوم ہوتی ہیں۔ آج ہی کے طلبا اور اساتذہ کے لئے شاعر اقبال یوں کہہ گئے۔۔

شکایت ہے مجھے یارب خداوندان مکتب سے
سبق شاہین بچوں کا دے رہے ہیں خاکبازی کا

ایک وہ دور تھا جب خلیفہ وقت ہارون الرشید اپنے بیٹوں مامون الرشید اور امین الرشید کے ساتھ مسجد میں نماز ادا کرنے گئے تو نماز کے اختتام پر دونوں شہزادوں میں اپنے معلم کی جوتے ان تک پہنچانے میں سبقت لے جانے پر لڑائی ہو گئی۔ اور ایک آج کا دور ہے کہ معلم شاگرد کو دائیں جانے کو کہے گا تو شاگرد جان بوجھ کر بائیں جائے گا۔ اس سب کے ذمہ دار معلم اور اساتذہ کے ساتھ ساتھ گزشتہ چند برسوں میں جو معاشرتی بے حسی آ چکی ہے یہ سب برابر کے مجرم ہیں۔ پستی بلندی سے پستی کی طرف خود بہتا ہے۔ یہ فطرت کا اصول ہے سائنس کے اصولوں کے مطابق the things always flow against concentration gradient. یعنی چیزیں ہمیشہ زیادہ سے کم کی طرف خود بخود جاتی ہیں۔

نگران وزیر اعظم کی پالیسیوں کو جاری رکھنے کی یقین دہانی

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی جانب سے سابقہ حکومت کی پالیسیوں کو جاری رکھنے کی یقین دہانی بروقت اور خوش آئند ہے۔ یہ یقین دہانی کاروباری برادری کے لیے ایک ریلیف ہے، جو اہم اقتصادی پالیسیوں میں

مصنف۔اکبر چانڈیو

بنیادی تبدیلی کے امکان کے بارے میں خوفزدہ تھی۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ کل معاشی پالیسیوں کا تسلسل قائم رکھیں گے اور مزید اقتصادی بہتری لائیں گے۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کے زیر صدارت اجلاس میں مختلف وزارتوں کے اہم امور پر بریفنگ دی گئی، وزیر اعظم کو اجلاس میں کل معاشی صورتحال پر تفصیلی بریف کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نگران وزیر اعظم نے کہا کہ عوامی فلاحی منصوبے بلا تعطل جاری رہیں گے، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تحت ملک میں بیرونی سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے اقدامات نگران حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ نگران حکومت مختصر مدت کے لئے آئی ہے، بنیادی ذمہ داری انتخابات کے لئے بھرپور معاونت فراہم کرنا ہے، حکومتی نظام کار میں بڑی تبدیلی نہیں لا سکتے، قواعد و ضوابط میں سنگین خلاف ورزی کی صورت میں مداخلت کا اختیار حاصل ہے نگران وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اکبار خیال کریموے کیا۔ نگران وزیر اعظم نے کہا کہ آئین کے تحت نگران حکومت مختصر مدت کے لئے آئی ہے۔ اس کی بنیادی ذمہ داری انتخابات کے لئے بھرپور معاونت فراہم کرنا ہے اور یہ آئینی تقاضا ہے۔ نگران حکومت کے پاس روزمرہ حکومتی معاملات کی نگرانی کا اختیار ہے۔ ہم حکومتی نظام کار میں بڑی تبدیلی نہیں لا سکتے۔ معمول کی پالیسیوں پر عمل پیرا رہیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ حکومت کی پالیسیوں کو جاری رکھیں گے۔ قواعد و ضوابط میں سنگین خلاف ورزی کی صورت میں مداخلت کا اختیار حاصل ہے۔ قومی اسمبلی آئینی مدت مکمل کر کے تحلیل ہو چکی ہے۔ الیکشن ابھی ہونے ہیں۔ پارلیمان کا ایوان بالا کام کر رہا ہے جب تک قومی اسمبلی کا ایوان نہیں آتا قانون سازی نہیں ہو سکتی۔ تمام وزرا کی اپنی وزارتوں کے بریفنگ کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ آئندہ کابینہ اجلاس کے ایجنڈے کا فیصلہ بریفنگ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ دریں اثنا عبوری وفاقی کابینہ کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے وفاقی کابینہ کو اپنے بیرون ملک دورے سے آگاہ کیا۔ کابینہ اجلاس میں نگران وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں انتہا پسندی اور مذہبی کشیدگی کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، پاکستان میں موجود اقلیتوں کا تحفظ ریاست کے اولین فرائض کا حصہ ہے، جڑانوالہ واقعے میں ملوث افراد کی سزا تجویز کی جائے گی۔ اعلامیے کے مطابق کابینہ نے آسیہ بیگ کو قومی سطح پر بین المذاہب ہم آہنگی کا نمائندہ مقرر کرنے کی ہدایت کی جس میں عالمی سطح کے مختلف مذاہب اور مکاتب فکر کے علما کو مدعو کرنے کا کہا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق کانفرنس پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کابینہ نے وزارت خزانہ کی سفارش پر 2 4 2023 کیلئے دیت کی رقم 67 لاکھ 57 ہزار 902 روپے مقرر کر دی۔ انوار الحق کاکڑ نے ہدایت کی کہ صحت اور تعلیم کے شعبے میں بین الاقوامی معیار کی سہولیات یقینی بنائی جائیں، پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات پر

سب سے بڑھ کر مارچ 2024 میں چیئرمین سینیٹ اور قومی چیئرمین سمیت آدھے سینیٹرز ریٹائر ہو رہے ہیں۔ اگر عام انتخابات بروقت نہ ہوئے تو پھر سارا نظام تلپٹ ہو جائے گا جو سراسر آئین کی پامالی کے مترادف ہوگا۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کے لیے بہت سے چیلنجز ہیں ملک کا سیاسی درجہ حرارت عروج پر ہے اس لیے ان کے لیے چیلنجز بھی کٹھن ہیں۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کو چیلنج ان کی غیر جانبداری ہوگا۔ نگران وزیر اعظم ہو پنجاب عوامی پارٹی کے سینیٹر اور سینئر رہنما تھے۔ الیکشن ایکٹ 2017 کی شق 230 میں صاف طور پر لکھا ہے کہ نگران وزیر اعظم غیر جانبدار ہوگا۔ اختر مینگل یا اے این پی کے کچھ اعتراضات سامنے آئے ہیں مگر کسی بڑی جماعت یا سیاسی شخصیت نے نگران وزیر اعظم کی تعیناتی پر سوالات نہیں اٹھائے۔ نگران وزیر اعظم جمعیت اور اپنی پارٹی کی رکنیت سے مستعفی ہو چکے ہیں مگر استعفا کی نہیں ہے۔ انہیں بہر حال غیر جانبداری ثابت بھی کرنا ہوگی۔ تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بہتر مراسم رکھنا ہوں گے اسی میں جمہوریت کی جیت ہے۔ نگران حکومت کے سامنے بڑا چیلنج معیشت کی بحالی اور مہنگائی کا خاتمہ ہوگا۔ اس وقت معیشت ٹریک پر آ رہی ہے اور ہمیں ہر صورت آئی ایم ایف کی شرائط پر من و عن عمل کرنا ہے۔ نومبر میں نیا جائزہ ہونا ہے اس کے بعد ایک ارب ڈالر کی قسط موصول ہو جائے گی۔ اس کے بعد اگلا جائزہ فروری 2024 میں ہوگا۔ اس وقت بھی ملک میں نگران حکومت ہی ہوگی اس لیے ضروری ہے کہ فیصلے دو ٹوک جائیں جو وقت کی ضرورت اور ملکی مفاد میں ہوں۔ مہنگائی آخری حدوں کو چھو رہی ہے۔ ملک کے معاشی حالات سنجیدگی کا تقاضا کرتے ہیں نگران وزیر اعظم کو سیاسی استحکام کا چیلنج بھی درپیش ہے۔ گزشتہ ڈیڑھ سال سے ملک سیاسی طور پر شدید عدم استحکام کا شکار رہا ہے۔ کبھی سڑکیں بند ہو جاتی تھیں اور کبھی ریلیاں نکالی جاتی تھیں۔ کبھی لانگ مارچ کیا جاتا تھا اور کبھی دھرنے کی دھمکیاں دی جاتی تھیں۔ ملک کی سیاسی فضا میں شدت پسندی کا راج تھا۔ اب نگران حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاسی استحکام کے فروغ کے لیے کام کرے۔ تمام سیاسی جماعتوں سے تعلقات بہتر کرے نگران وزیر اعظم کو یہ ادراک کرنا ہوگا کہ ان کی حکومت دو یا تین نہیں بلکہ چھ سے سات ماہ کے لیے آئی ہے۔ ان کے کندھوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے جسے انہیں بہر حال نبھانا ہے۔ نگران حکومت کو انتخابات کے بروقت اور منصفانہ انعقاد کا چیلنج بھی درپیش ہوگا۔ ملک کو اس وقت فری اینڈ فیئر الیکشن کی سخت ضرورت ہے۔ ایسا الیکشن جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے۔ اسے الیکشن کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا۔ اشرافیہ کا تقرر و تبادلہ میرٹ پر ہونا چاہئے نہ کہ ذاتی پسند اور ناپسند کی بنیاد پر۔ نگران حکومت کو انتخابات کے بروقت اور منصفانہ انعقاد کا چیلنج بھی درپیش ہے۔ ملک کو اس وقت فری اینڈ فیئر الیکشن کی سخت ضرورت ہے۔ ایسا الیکشن جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے۔

(جاری ہے)

بجلی بلوں کی کڑک: کن مدوں میں عوام ٹیکس دیتی ہے، ایک تجزیہ!

پاکستان کے موجودہ سیاسی منظرنامے پر ایک نگران حکومت کی جانب سے بجلی کے بلوں میں اضافے اور بے تحاشا ٹیکسوں کی وجہ سے بڑھتے ہوئے بلوں کے خلاف احتجاج ملک کے داخلی معاملات پر توجہ کی ضرورت ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے تحقیقی حل نکالنے کی کوششوں کے بجائے ٹیکسوں کی بھرمار عوام کا معاشی قت

نتیجہ 1

ڈپٹی کمشنر خالد ناصر نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انفرادی اور اجتماعی صحت پر ثبت سوچ کو پروان چڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اپنے معاشرتی رویے بدل سکیں، مسائل کو حل کرنے میں اپنے اپنے کردار کو سمجھ کر ہم ترقی کا آغاز کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹھوس اور کسی بھی معاشرے کی اکائی ہے اور خاندان ہی کسی بھی معاشرے کی اساس ہے اور اس اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے سوشل اور انفرادی سطح پر اپنے رویوں اور پالیسیوں کو اپنانے اور فروغ دینے کی ضرورت ہے جن میں ہر شعبے میں خواتین کی شمولیت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اور ہر طرف کے لحاظ سے بہبود آبادی کا پیغام پہنچانے کے لئے ہمیں ہر طرح کے ذرائع ابلاغ اور اداروں میں جیسے ایک ہی آواز بلند کرنی ہوگی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جہان ناصر نے کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے بہبود آبادی کی مربوط اور باقاعدہ آگاہی ہم چلانے جانے کی ضرورت ہے کیونکہ سوشل میڈیا کے مدد سے ہر فرد کے بہبودی آبادی کا پیغام پہنچایا جا سکتا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بہبودی آبادی ڈاکٹر روبینہ شیریں خان نے کہا کہ صحت مند گھرانے کا پیغام صرف عمل ہے۔ یہ قدم شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لئے کیا گیا ہے۔

نتیجہ 2

حال کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وہاں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ہمایوں پیر شہید انور پیر نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ریسکیو 1122 ڈاکٹر مرتضیٰ اور ان شاہد نے جائزہ رپورٹ پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر ہمایوں پیر نے ہدایت کی کہ سیلاب متاثرہ آبادی کو ریسکیو اور ریلیف فراہم کرنے کے لئے قدم اٹھائے جائیں اور ہر شہری کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر ہمایوں پیر نے ہدایت کی کہ سیلاب متاثرہ آبادی کو ریسکیو اور ریلیف فراہم کرنے کے لئے تمام محکمے جائے حادثہ پر پہنچیں اور ہر شہری کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ

بہاول پور: فلڈ ریلیف کیمپس میں سیلاب متاثرین کو کھانا فراہم کیا جا رہا ہے

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیمہ بجلی کی زیادہ بلنگ کے باعث عوامی احتجاج اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جج صاحب کو صرف چیئرمین PTI کا پروڈکشن آرڈر کرنا تھا، سلمان صفدر

چیئرمین تحریک انصاف سے متعلق ان کے کیسز کے لیے فیصلوں کی نظیر کافی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف کے وکیل سلمان صفدر نے کہا ہے کہ جج صاحب کو صرف چیئرمین تحریک انصاف کا پروڈکشن آرڈر کرنا تھا۔ سلمان صفدر نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ بنیادی طور پر ہم نے حتمی دلائل دیے ہوئے ہیں۔ حتمی دلائل کی بات ہے تو ہم نے درخواست دائر کی ہے، کوئی قانون نہیں کہ ایک بار درخواست خارج ہونے کے بعد دوبارہ درخواست دائر نہیں ہوسکتی۔ سلمان صفدر نے کہا کہ ہماری درخواست ہے ہمیں نئے ڈیٹیل سے سنا جائے۔ حقائق طے کئے اور ان درخواستوں پر فیصلہ ہوگا کہ نئے دلائل قابل قبول نہیں ہونگے کی۔ کیونکہ ہم نے شہادت کل اور گزشتہ کی درخواست دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک کیس کے سامنے 2 اہم نکات اٹھائے ہیں، حقائق مختلف بنیادوں پر خارج نہیں ہوسکتے۔

ترقی کیلئے مثبت سوچ کے فروغ کی ضرورت ہے، ڈاکٹر جمال ناصر

معاشرتی رویے بدل کر بہت سے مسائل حل ہوسکتے ہیں، میڈیا اور علماء، بہبود آبادی اور بچوں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جناب آئی کیئر راولپنڈی میں بہبودی آبادی کے حوالے سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن و بہبود آبادی جناب ڈاکٹر جمال ناصر تھے۔ سیمینار میں علماء کرام، میڈیا کے نمائندوں، محکمہ بہبود آبادی، راولپنڈی اور محکمہ صحت کے حکام اور سول سوسائٹی کے ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مسٹر تنویر بہبودی آبادی، ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈاکٹر ایلیزا آصر (ڈاکٹر احسان غنی)، مفتی خطیب اقبال رضوی اور دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی (بقیہ نمبر 1)

چیئرمین پی ٹی آئی کے 25 دن قید کی تلافی کیا ہوگی، وکیل چیئرمین پی ٹی آئی

افسوس ہے کہ انصاف کا قتل ہوا جو سب نے دیکھا آج حق کی اور آئین قانون کی فتح ہوئی ہے، شعیب شاہین

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل شعیب شاہین نے سوال اٹھایا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی جیل میں قید کے دنوں کی تلافی کون کرے گا؟ چیئرمین پی ٹی آئی نے 25 دن قید کی صعوبتیں کیا ہوگی، شعیب شاہین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افسوس ہے کہ انصاف کا قتل ہوا جو سب نے دیکھا آج حق کی اور آئین قانون کی فتح ہوئی ہے، پی ٹی آئی ہم کی جدوجہد ان کے ملک کے ساتھ اظہار کیا۔ شعیب شاہین ایڈووکیٹ نے کہا کہ حق کی فتح ہوگئی ہے

نگران حکومت کا کام بجلی کے بلوں میں اضافہ نہیں الیکشن کرانا ہے، سراج الحق

نگران حکومت کا کام بجلی کے بلوں میں اضافہ نہیں الیکشن کرانا ہے، تاجروں، علماء، وکلاء، طلبہ سمیت تمام طبقات نے ہماری کال کی حمایت کی جس پر ہم شکر گزار ہیں

جماعت اسلامی کی ہڑتال پر امن ہوگی اور کوئی جلاؤ گھیراؤ نہیں ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ نگران حکومت کا کام نہیں کہ بجلی کے بلوں میں اضافہ کرے، نگران حکومت کا کام 90 دن میں الیکشن کرانا ہے

لاہور (پورٹ رپورٹر) جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے بجلی کے بلوں میں اضافے کے خلاف دو ملین کے ہڑتال کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نگران حکومت کا کام بجلی کے بلوں میں اضافہ نہیں الیکشن کرانا ہے۔ جماعت اسلامی کے امیر نے کہا کہ تاجروں، علماء، وکلاء، طلبہ سمیت تمام طبقات نے ہماری کال کی حمایت کی جس پر ہم شکر گزار ہیں۔ سراج الحق نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کی ہڑتال پر امن ہوگی اور کوئی جلاؤ گھیراؤ نہیں ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ نگران حکومت کا کام نہیں کہ بجلی کے بلوں میں اضافہ کرے، نگران حکومت کا کام 90 دن میں الیکشن کرانا ہے، وہ یہ کام کرے اور اختیار منتخب نمائندوں کے حوالے کرے

بہاول پور: صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، انرجی اینڈ انکم ٹیکس ایم حمزہ بہاول پور انڈسٹریل اسٹیٹ کے تعمیراتی کاموں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلاول بھٹو کا دریائے ستلج کے حفاظتی بند میں شگاف کی رپورٹس پر تشویش کا اظہار

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دریائے ستلج کے حفاظتی بند میں شگاف کی رپورٹس پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب متاثر علاقوں سے عوام کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے۔ سوشل میڈیا پر بلاول بھٹو زرداری کے حوالے سے جاری کردہ بیان کے مطابق پی پی چیئرمین نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں پر قابو پانے کے لئے حکومت فوری اقدامات کرے۔ پی پی چیئرمین نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں پر قابو پانے کے لئے حکومت فوری اقدامات کرے۔

تحریک انصاف کا بلوں کیخلاف عوامی احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان

سازشوں کے چال چلنے کی بجائے عوام کے ووٹ کے حق کو فیصلہ کن تسلیم کیا جائے، کور کمیٹی

نگران حکومت نوے روز کی آئینی مدت میں صاف، شفاف انتخابات کو ممکن بنائے، اعلامیہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف نے بجلی کے بلوں کیخلاف عوامی احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا۔ پارٹی کارکنان اور ذمہ داران کو مکمل چوری کے ساتھ ملک بھر میں پرامن عوامی احتجاج میں شرکت کی ہدایت کر دی گئی۔ مطالبہ کیا گیا ہے کہ ملک میں سازشوں کے چال چلنے کی بجائے بہبود یت اور عوام کے ووٹ کے حق کو فیصلہ کن تسلیم کیا جائے۔ نگران حکومت نوے روز کی آئینی مدت میں صاف، شفاف انتخابات کو ممکن بنائے۔

پنجاب حکومت کا اوور چارجنگ کرنیوالے پارکنگ سٹینڈز کیخلاف سخت ایکشن لینے کا فیصلہ

لاہور پارکنگ کمیٹی کے منظور شدہ پارکنگ سٹینڈز مقررہ فیس کی پابندی کرنے کے احکامات، وارننگ جاری

پارکنگ کی مقررہ فیس سے زیادہ وصولی کرپشن کے زمرے میں آتی ہے، عامر میر

لاہور (سٹاف رپورٹر) این این آئی) ہر جرم اختیارات و اطلاعات، جناب عامر میر کی ہدایت پر اوور چارجنگ کرنے والے پارکنگ سٹینڈز کے خلاف سخت ایکشن لینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ لاہور پارکنگ کمیٹی کے منظور شدہ پارکنگ سٹینڈز مقررہ فیس کی پابندی کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، جناب عامر میر کی ہدایت پر اوور چارجنگ کرنے والے پارکنگ سٹینڈز کے خلاف سخت ایکشن لینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ لاہور پارکنگ کمیٹی کے منظور شدہ پارکنگ سٹینڈز مقررہ فیس کی پابندی کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، انرجی اینڈ انکم ٹیکس ایم حمزہ نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے تمام محکمہ جات امدادی سرگرمیوں کو مزید موثر بنائیں۔ صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی مکمل بحالی تک ہر ممکن امداد کیے جائیں، ایم ایم حمزہ

سیلاب متاثرہ آبادی کو ریسکیو اور ریلیف فراہم کرنے کے لئے تمام محکمہ جات امدادی سرگرمیوں کو مزید موثر بنائیں۔ صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس

سیلاب کا درمیانے شدید نوعیت کا خدشہ ہے، مکمل سیلاب کی زد میں آنیوالی آبادیوں اور فصلات کا سروے سیلاب کی آمد سے قبل کر لیا گیا تھا، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، انرجی اینڈ انکم ٹیکس ایم حمزہ نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی مکمل بحالی تک ہر ممکن امداد کیے جائیں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں کسی بھی بھوکے نہ رہنے والے علاقے کھلنے کون کے بل (بقیہ نمبر 2)

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، انرجی اینڈ انکم ٹیکس ایم حمزہ خالد احمد اور اسسٹنٹ کمشنر شیخ عدیل خان بہاول پور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے جاری ترقیاتی منصوبے تعمیر روڈ سے سرک فلڈ سٹی مغربی جانب گلبرگ چوک دیلیہ سے روڈ بہاول پور کا معائنہ کر رہے ہیں

محمد انور فاروق اور محمد امان اللہ کے تحقیقی مقالہ جات کا اوپن ڈیفنس کل ہوگا

اساتذہ، طلبہ وطالبات اور ایم فل/پی ایچ ڈی سکالرز کو شرکت کی دعوت عام ہے

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) شعبہ تاریخ و اسلامی تہذیب، نبی بہاول پور کے ایم فل سکالر محمد انور فاروق اور محمد امان اللہ کے تحقیقی مقالہ جات کا اوپن ڈیفنس 31 اگست 2023ء، 10.00 بجے شعبہ تاریخ و تہذیب لائبریری سیمینار میں منعقد ہوگا۔ محمد انور فاروق اور محمد امان اللہ نے اپنے تحقیقی مقالہ جات کا عنوان "ڈاکٹر عبدالحمید صدیقی اور پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر بشیر" اور "ڈاکٹر محمد طاہر بشیر اور پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر بشیر" رکھا ہے۔ اساتذہ، طلبہ وطالبات اور ایم فل/پی ایچ ڈی سکالرز کو شرکت (بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر کی بجلی کی زیادہ بلنگ کے باعث عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت

میپکو افسران صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور دفتر میں آنے والے تمام افراد کے مسائل بلا تاخیر حل کئے جائیں

سب ڈویژن اور ڈویژن میں قائم کسٹمر سروس سنٹرز پر تاجران و کسان بورڈ کے ایک ممبر کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیمہ

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیمہ کی زیر صدارت دفتر کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بجلی کی زیادہ بلنگ کے باعث عوامی احتجاج اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں (بقیہ نمبر 4)

ایم بی اے ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ اور والدین کیساتھ اوپن ڈے کا اہتمام

ڈیپارٹمنٹ آف ہاسپٹیلٹی مینجمنٹ میں خزاں سیمسٹر 2023 میں داخلے جاری ہیں

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) پروفیسر ڈاکٹر یوسف اختر وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کی ہدایت پر پروفیسر ڈاکٹر جواد اقبال ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز اینڈ کامرس کی رہنمائی میں ڈیپارٹمنٹ آف ٹورازم اینڈ ہاسپٹیلٹی مینجمنٹ نے ایم بی اے ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ اور والدین کیساتھ اوپن ڈے کا اہتمام کیا۔ سیشن کے دوران ڈیپارٹمنٹ آف ٹورازم اینڈ ہاسپٹیلٹی مینجمنٹ کی فیکلٹی نے اس اکیڈمی کے مقصد کیریئر کے امکانات اور اس کے بعد ملنے کے مواقع (بقیہ نمبر 8)

نگران وزیراعلیٰ بلوچستان کی مزار قائد پر حاضری، خراج عقیدت پیش کیا

کراچی (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومبکی نے کراچی میں بابائے قوم کا مزار قائد پر حاضری دی۔ اس موقع پر انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے نگران وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج بابائے قوم کا مزار قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری دینے سے بے حد خوشی اور سکون کا احساس ہوا ہے انہوں نے کہا کہ بابائے قوم کو پیش معروف میں خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے ہمیں دل و جان سے پاکستان سے محبت اور اطاعت کا جذبہ پیدا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ بابائے قائد پر بے انتہا قربانیاں دیں۔

ڈاکٹر شکیل سرور، ڈاکٹر ریحان حسن اور مرگیٹ کمیٹی کی ممبران، ڈیپارٹمنٹ آف ٹورازم اینڈ ہاسپٹیلٹی مینجمنٹ کے زیر اہتمام اجلاس میں طلبا وطالبات اور والدین سے خطاب کر رہے ہیں

سونے کی فی تولہ قیمت میں 500 روپے کا اضافہ، چاندی

بین الاقوامی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 2 ڈالر بڑھ کر 1917 ڈالر کی سطح پر آ گئی

کراچی (سٹاف رپورٹر) این این آئی) بین الاقوامی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 2 ڈالر بڑھ کر 1917 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ اس باعث مقامی صرافہ بازاروں میں بھی سونے کی قیمتوں میں بالترتیب 500 روپے اور 428 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ اس کے نتیجے میں کراچی، حیدرآباد، سکھر، ملتان اور جمال آباد، راولپنڈی، پشاور میں فی تولہ سونے کی قیمت بڑھ کر 233500 روپے اور فی 10 گرام سونے کی قیمت بڑھ کر 200188 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بہاول پور: ڈی پی ڈی اے ہیرخالد احمد اور اسسٹنٹ کمشنر شیخ عدیل خان بہاول پور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے جاری ترقیاتی منصوبے تعمیر روڈ سے سرک فلڈ سٹی مغربی جانب گلبرگ چوک دیلیہ سے روڈ بہاول پور کا معائنہ کر رہے ہیں

اپنے کیرئیر کو ریلیف دینے کی باتیں کرنے والے عوام کو تکلیف دیکر لندن بھاگ گئے، شیخ رشید

مجھے نہیں معلوم کہ پاکستان میں غریبوں کے ساتھ کیا بیت رہی ہے یہ وہی شہباز شریف ہے جو اپنے کپڑے بیچ کر غریبوں کو ریلیف دینے کی بات کرتا تھا

16 مہینے حکومت میں رہے ہمارا کیا اور ہمارا ان کا ہے اب ایک ہفتے کی نگران حکومت پر ملبہ ڈال رہے ہیں، سربراہ عوامی مسلم لیگ

لاہور (این این آئی) سربراہ عوامی مسلم لیگ و سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ اپنے کپڑے بیچ کر غریبوں کو ریلیف دینے کی باتیں کرنے والا اعلم اپنے کے سربراہ نے 3 ہفتے میں کرنے میں ناکام رہا۔ اب لندن میں بیٹھا شہباز شریف کہتا ہے کہ مجھے نہیں معلوم کہ پاکستان میں غریبوں کے ساتھ کیا بیت رہی ہے یہ وہی شہباز شریف ہے جو اپنے کپڑے بیچ کر غریبوں کو ریلیف دینے کی بات کرتا تھا اور عوام کو تکلیف دے کے لندن بھاگ گیا ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ 3 ہفتے میں کرنے والا کام 16 مہینے میں کیا۔ سابق وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ 200 روپے اور کرانے کا اسحاق ڈار کی اپنے گھر کے پاس لندن بھاگ گیا

سائفر کیس، اسد عمر کی بیوری ضمانت میں 14 ستمبر تک توسیع

اسلام آباد (صباح نیوز) خصوصی عدالت نے سائفر کیس میں سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی بیوری ضمانت میں 14 ستمبر تک توسیع کر دی۔ فیصلہ سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت میں سائفر کیس کی سماعت جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کی۔

روپے کی بے قدری جاری، ڈالر کی اوپن مارکیٹ میں ڈالر تاریخ میں پہلی بار 319 روپے کا ہو گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی روپے کی بے قدری اور امریکی ڈالر کی اوپن اڑان کا سلسلہ جاری ہے۔ انٹرنیٹ بینک آف پاکستان (انٹرنیٹ بینک) کی جانب سے جاری ریٹس کے ویب سائٹ ایس پر جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق کاروباری روز کے دوسرے روز انٹربینک میں امریکی کرنسی کی قدر میں ایک روپیہ پانچ پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

صوبائی وزیر انڈسٹریز نے بہاولپور انڈسٹریل سٹیٹ کا دورہ کیا

انڈسٹریل اسٹیٹ کے تعمیراتی کاموں کے مقررہ اہداف پورے نہ ہونے پر برہمی کا اظہار

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، انرجی اینڈ انکم ٹیکس ایم حمزہ نے بہاولپور انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین، صدر چیمبر آف کامرس چوہدری ذوالفقار علی، سابق صدر چیمبر آف کامرس ملک اعجاز، ماہر حسن، چاہد اقبال چوہدری اور دیگر عہدیداران (بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر نے موضع بھنڈہ داخلی میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا

ڈپٹی کمشنر نے فلڈ ریلیف کیمپ میں کھانے اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین چیمہ نے بہاولپور کے علاقہ موضع بھنڈہ داخلی میں سیلاب کے پانی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ علاقہ کا جائزہ کیا کہ فلڈ ریلیف کیمپ کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے فلڈ ریلیف کیمپ میں مقیم افراد سے ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر نے فلڈ ریلیف کیمپ میں کھانے اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ علاقہ کا جائزہ کیا کہ فلڈ ریلیف کیمپ میں مقیم بچوں اور (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: نگران صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جاوید اکرم نے بے نظیر بھٹو ہسپتال میں میڈیکل اسٹاف سے طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کر رہے ہیں۔

سیلاب سے متاثرہ علاقہ جات میں 27 مقامات پر فلڈ ریلیف کیمپس قائم

فلڈ ریلیف کیمپس میں مقیم افراد کو کھانا اور دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ بہاول پور کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ علاقہ جات میں 27 مقامات پر فلڈ ریلیف کیمپس قائم ہیں۔ ان فلڈ ریلیف کیمپس میں ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین چیمہ کی جانب سے کھانا اور دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ فلڈ ریلیف کیمپس میں طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے میڈیکل کیمپس بھی قائم ہیں۔ ڈاکٹر حالات کے مطابق ادویات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔ اسی طرح مال مویشیوں کے علاج کے لئے ویٹرنری کیمپس بھی قائم ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین چیمہ نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقہ جات میں کسی کو بھی بھوکا نہیں رہنے دیا جائے گا۔ (بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 نافذ کر دی

امیدوار امتحان، امتحانی عملہ کے علاوہ کسی بھی غیر متعلقہ شخص کے داخلے کی ممانعت

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور کامران آفریدی نے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے سمسٹر سسٹم بیچلر ڈگری پروگرام کے ضلع بہاول پور میں قائم امتحانی مراکز علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل کیمپس، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 حاصل پور، گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن حاصل پور، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بائیز ڈیزائن، گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول بہاول پور، اور ظفر اقبال ویمن کالج فار ویمن بہاول پور میں امتحانی عملہ کے علاوہ کسی بھی غیر متعلقہ شخص کے داخلے کی ممانعت (بقیہ نمبر 6)

حکمرانوں نے آئی پی پیز سے معاہدے کیے ہیں، حافظ نعیم الرحمان

کہا جا رہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں کے لیے قسطیں کی جائے، ایسا لگتا ہے کہ متعلقہ حکام بجلی کی قیمتیں کم کرنے کے موڈ میں نہیں

کے الیکٹرک نیپرا کا شیطانی گٹھ جوڑ ہے، کے الیکٹرک خود نادہندہ ہے شہریوں کی بجلی کیوں کاٹتا ہے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ آئی پی پیز پر کرپشن کی تحقیق ہونی چاہئے، نگران حکومت کی تحقیق ہونی چاہئے، جس میں آئی پی پیز پر کرپشن کی تحقیق ہو۔ آئی پی پیز سے گفتگو ہونی چاہئے۔ نگران حکومت کی تحقیق ہونی چاہئے، جس میں پریس کانفرنس کرنے والے انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان کا معاملہ ہے کہ بجلی کے بلوں کم کیے جائیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ کراچی ذمہ دار کہا کہ زیادہ سے زیادہ کوئی کلاس نہیں ہے اور ہمارا کیس ہے کہ کراچی کے شہریوں کو ریلیف دینے کی بات کرتا تھا اور عوام کو تکلیف دے کے لندن بھاگ گیا ہے۔ جاتے جاتے اپنے چہیتے اور اعلیٰ لاڈلے کے سارے کیس ختم کرا گیا۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ 200 روپے اور کرانے کا اسحاق ڈار کی اپنے گھر کے پاس لندن بھاگ گیا

ستمبر سے ڈینگی مریضوں میں بڑے اضافے کا خطرہ ہے، ڈاکٹر سجاد

نہ اپنائیں تو 10 اکتوبر تک تعداد بڑھے گی، انچارج ڈینگی ڈاکٹر سجاد محمود کی گفتگو

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) شہری الرٹ رہیں، احتیاطی تدابیر اختیار کریں، ڈینگی کنٹرول کیلئے اپنی انفرادی ذمہ داریوں کو سمجھیں کریں اور مچھر دانی استعمال کریں کیونکہ اگر احتیاطی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ کا موجودہ رجحان جاری رہا تو اگلے ماہ ستمبر کے وسط تک ڈینگی کے مریضوں کی روزانہ (بقیہ نمبر 9)

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیلاب متاثرین میں کھانے کی تقسیم جاری

متاثرین سیلاب کے مال مویشیوں کے لئے ونڈہ اور چارہ کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین چیمہ کی ہدایت پر تحصیل ساہیوال، تحصیل خیر پور ٹامیوالی، تحصیل بہاول پور صدر میں متاثرین سیلاب کو مفت کھانے تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ متاثرین سیلاب کو مفت کھانے تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور کی جانب سے ریسکیو اور ریلیف کے کام کو مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ متاثرین سیلاب کے مال مویشیوں (بقیہ نمبر 10)

بہاول پور: سیلاب سے متاثرین کے لئے پاک آرمی کی جانب سے بہاولنگر، چشتیاں، بہاولنگر، پاکپتن، حاصل پور، عارف والا، وہاڑی، لودھراں، بورے والا اور میلسی میں فری میڈیکل کیمپس اور میکسی آپریشن سہولت فری راشن تقسیم کرنے کا سلسلہ جاری ہے

ڈی جی پی ڈی اے اور اے سی سٹی نے سڑک کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا

ترقیاتی منصوبے میں حائل رکاوٹوں اور ناجائز تجاوزات کو فوری طور پر ہٹانے کی ہدایت

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل بہاول پور ڈویلپمنٹ اتھارٹی صوفی نواز احمد اور اسسٹنٹ کمشنر بہاول پور سٹی عدیل خان بہاول پور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ترقیاتی منصوبے تعمیر روڈ سے سرک فلڈ سٹی مغربی جانب گلبرگ چوک دیلیہ، روڈ بہاول پور کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر چیف (بقیہ نمبر 11)

ایمان مزاری کی 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پولیس کے حوالے

ایمان مزاری کی والدہ شیریں مزاری اور پراسیکیوٹر اجاز نوید اے سی سی میں پیش ہوئے۔ اس کے قبل جج نے ایمان مزاری کو اپنی والدہ سے کمرہ عدالت میں ملاقات کی اجازت دی

ایمان مزاری کے خلاف تھانہ بھارہ کہو میں مقدمہ درج ہوا ہے، مدعی مقدمہ نے ایمان مزاری پر نوجوانوں کو اکسانے کا الزام لگایا، پراسیکیوٹر

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ہمایوں نے 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پولیس کے حوالے کر دیا۔ اے ایس پی جج ابوالحسنات نے جسمانی ریمانڈ کی درخواست دائر کی۔ سماعت انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں ایمان مزاری کو پیش کیا گیا۔ ایمان مزاری کی والدہ شیریں مزاری اور پراسیکیوٹر اجاز نوید اے ایس پی سی میں پیش ہوئے۔ اس سے قبل جج نے ایمان مزاری کو اپنی والدہ سے کمرہ عدالت میں ملاقات کی اجازت دی۔

شاہراہ پر چلنے والی ایسی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا

ایسی گاڑیوں کے مالکان اور ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کرائے جا رہے ہیں

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) سڑک پر ایس ایس پی ٹریفک سید رضوان نقاشی کی ہدایت پر چلنے والی ایسی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے جو کہ قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بغیر لائسنس، بغیر انشورنس اور بغیر فٹنس کے گاڑیوں میں کسی قسم کا آتش گیر، زہریلا مواد یا مسافر لے جا رہی ہیں یا آئل اور گیس کی ٹرانسپورٹیشن کرتی ہیں۔ ایسی گاڑیوں کے مالکان اور ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کرانے کے علاوہ انہیں بھاری جرمانے (بقیہ نمبر 12)

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا ہیلی کاپٹر سے جائزہ لے رہے ہیں

بہاول پور: صوبائی وزیر انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ، انرجی اینڈ انکم ٹیکس ایم حمزہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا جائزہ لے رہے ہیں

انتخابات کے لیے الیکشن کمیشن کی تمام ضروریات کو پورا کیا جائے گا، مرتضیٰ سولنگی

انتخابات جب بھی ہوں ہر قسم کے تعاون کے پابند ہیں، اظہار رائے کی آزادی کے حوالے سے آئین کا آرٹیکل 19 بھی ہے

ہم تو انتخابات کرانے آئے ہیں اور ہمارا کام ہے۔ نگران وزیر اطلاعات کی الیکشن کمیشن آمد کے موقع پر میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (صباح نیوز) نگران وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن سردی میں کراچی میں مکمل پلاننگ ہے۔ انتخابات کے انعقاد سے متعلق ملک بھر میں پائے جانے والے ابہام سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ انتخابات ہوں گے، انتخابات ہوں گے۔ ہم تو انتخابات کرانے آئے ہیں اور ہمارا کام ہے۔ نگران وزیر اطلاعات کی الیکشن کمیشن آمد کے موقع پر میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے ساتھ ملاقات میں کل پلاننگ پر بات ہوئی ہے۔ انتخابات پر پاکستان کے اندر جب بھی انتخابات کرائے ہیں ہم ہر قسم کا تعاون فراہم کریں گے۔ میں نے الیکشن کمیشن کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ہم ہر قسم کا تعاون فراہم کریں گے۔ میں نے الیکشن کمیشن میں سندھ کے رکن شکار احمد ورہ کی سے ملاقات کی درخواست کی تھی ہم سے دوست ہیں

حکومت کا کام بجلی کے بلوں میں اضافہ نہیں الیکشن کرانا ہے، سراج الحق

نگران حکومت کا کام بجلی کے بلوں میں اضافہ نہیں الیکشن کرانا ہے، تاجروں، علماء، وکلاء، طلبہ سمیت تمام طبقات نے ہماری کال کی حمایت کی جس پر ہم شکر گزار ہیں

جماعت اسلامی کی ہڑتال پر امن ہوگی اور کوئی جلاؤ گھیراؤ نہیں ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ نگران حکومت کا کام نہیں کہ بجلی کے بلوں میں اضافہ کرے، نگران حکومت کا کام 90 دن میں الیکشن کرانا ہے

3 ڈلے ہوئے فیملی ملاقات بھی بند کر دی گئی، پرویز الٰہی

مجھے اسٹینٹ ہیں پھر بیٹھ جاؤں گا، میں گھر پر تھراپی کراتا تھا، وہ بند کر دی گئی ہے اور فیملی سے ملاقات بھی بند کر دی گئی ہے

پرویز الٰہی نے 15 دن کی تفتیش میں تعاون نہیں کیا، ان کے قریبی مہر غلام ہمارے وعدہ معاف گواہ بن گئے ہیں، ڈپٹی پراسیکیوٹر

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے عدالت میں کہا ہے کہ میری عمر 77 سال ہے اور مجھے 3 سٹنٹ ڈلے ہوئے ہیں، میں گھر پر تھراپی کراتا تھا، وہ بند کر دی گئی ہے اور فیملی سے ملاقات بھی بند کر دی گئی ہے۔ احتساب عدال